www.understandquran.com

سبق - 5

عقائد جو لوگ اللہ کے بتائے ہوئے راستے پر چلتے ہیں وہی کامیاب ہیں اور وہی لوگ جنت میں جائیں گے۔

حدیث رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

لَا تَأْكُلُوا بِالشِّمَالِ فَإِنَّ الشَّيْطَانَ يَأْكُلُ بِالشِّمَالِ (مسلم: 2019)

ترجمہ: تم بائیں ہاتھ سے مت کھاؤ، اس لیے کہ شیطان بائیں ہاتھ سے کھاتا ہے۔

دعا اَللّٰهُمَّ إِنَّكَ عَفُوٌّ كَرِيمٌ تُحِبُّ الْعَفْوَ فَاعْفُ عَنِّي (ترمذی: 3513)

ترجمہ: اے اللہ! بیشک آپ معاف کرنے والے کرم کرنے والے ہیں، معاف کرنے کو پسند کرتے ہیں پس مجھے بھی معاف کر دیجیے۔

سیرت رسول ﷺ ایک مرتبہ حضرت رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں کھانا لایا گیا اور آپ کے ساتھ عمر بن ابی سلمہ نامی چھوٹے بچے بھی تھے، رسول اللہ ﷺ نے ان سے فرمایا کہ اللہ کا نام لو اور اپنے سامنے سے کھاؤ۔ (بخاری: 5378)

ہمیں بھی کھانے سے پہلے بسم اللہ پڑھنے کا اہتمام کرنا چاہیے اور دوسروں کو بھی یاد دلانا چاہیے، کیونکہ جب ہم کھانے سے پہلے بسم اللہ پڑھ لیتے ہیں تو شیطان ہمارے کھانے کو ہاتھ نہیں لگاتا اور ہمارے کھانے میں برکت بھی ہوتی ہے۔

اخلاق وآداب کھانا کھانے کے دوران یہ کام نہ کریں:

1. کھانے یا پینے کی چیز گرم ہو تو پھونک مارنا
2. کھانا کھاتے وقت منہ سے زور زور سے آوازیں نکالنا
3. کھانا کھاتے وقت دوسروں کا خیال نہ کرنا
4. کھانے کے بعد دستر سے یا کپڑوں سے ہاتھ پونچھ لینا
5. دوسروں کے حصہ میں سے بغیر اجازت کھالینا